نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کی ملتان میں ربیع فصلات کیلئے کھادوں ودیگر زرعی مداخل کی دستیابی اورزیادہ گندم اگاؤمہم بارے پریس کانفرنس

وفاقی حکومتی کازرعی مداخل پرکسی قسم کاٹیکس نہ لگانے کافیصلہ،ربیع فصلات کیلئے تمام کھادیں وافرمقدارمیں دستیاب ہیں ناجائزمنافع خوری میں ملوث ڈیلرزکوکیفرکردارتک پہنچائیں گے،حسین جہانیاں گردیزی وزیرزراعت پنجاب

لاہور13نومبر2021:( ) حسین جہانیاں گردیزی وزیرزراعت پنجاب نے کہاہے کہ وفاقی حکومت نے فیصلہ کیاہے کہ زرعی مداخل پرکسی قسم کاٹیکس نہیں لگایا جائے گا۔فصلوں کی پیداواری لاگت میں کمی کیلئے ٖکھادوں ودیگرزرعی مداخل کی مارکیٹوں میں دستیابی مقررکردہ نرخوں پریقینی بنائی جارہی ہے۔ ربیع فصلات 2021-22 کی ضرورت کیلئے تمام کھادیں وافرمقدارمیں دستیاب ہیں۔ان خیالات کااظہارانہوں نے ملتان میں ربیع فصلات کیلئے کھادوں ودیگرزرعی مداخل کی دستیابی اورزیادہ گندم اگاؤمہم بارے پریس کانفرنس کے دوران کیا۔انہوں نے مزید بتایا کہ ناجائزمنافع خوری میں ملوث ڈیلرزکو کیفرکردارتک پہنچائیں گے۔بلیک مارکیٹنگ کے مکروہ دھندھے میں ملوث عناصر کیخلاف سخت کریک ڈاؤن کیا جائے گا۔صوبائی وزیرنے مزید بتایا کہ کاشتکارمقررکردہ نرخوں سے زائد قیمت پرکھادفروخت کرنے والے ڈیلرزکی نشاندھی کریں اورفوری طورپرمحکمہ زراعت کے متعلقہ عملہ کواطلاع دیں تاکہ ان کیخلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جاسکے۔انہوں نے مزید بتایا کہ اس سلسلہ میں محکمہ زراعت نے ورکنگ پلان تیارکرلیاہے اورٹیموں کوالرٹ کردیاہے تاکہ کسی بھی شکایت کی صورت میں فوری طورپرایکشن لیا جاسکے۔انہوں نے بتایا کہ حکومت پاکستان یوریاکھادکی قیمتوں کومناسب سطح پررکھنے کیلئے کھادانڈسٹری کوسبسڈی پرگیس فراہم کررہی ہے۔جس کے نتیجہ میں یوریاکم ریٹ پردستیاب ہے۔یوریاکھادبنانے والی فیکٹریاں سوفیصد کپیسٹی پرچل رہی ہیں۔عالمی سطح پریوریاکی قیمتوں کاموازنہ کیاجائے تویوریا10ہزارروپے فی بیگ پڑتاہے جبکہ پاکستان میں یوریاکابیگ 1800 روپے پربرقرارہے۔بین الاقوامی قیمتوں کے حساب سے تقریباً8ہزارروپے فی بیگ کم قیمت پرہم کاشتکاروں کویوریامہیا کررہے ہیں۔فاسفورسی کھادوں کی اہمیت کے پیش نظرکے ڈی اے پی کھادپر1000 روپے فی بیگ سبسڈی دی جارہی ہے جبکہ ایک کاشتکارزیادہ سے زیادہ20 بیگ ڈی اے پی سبسڈی پرخریدسکتاہے۔صوبائی وزیرنے بتایا کہ وفاقی وپنجاب حکومت کھادوں پر12ارب روپے سے زائد کی سبسڈی فراہم کررہی ہیں۔اس کے علاوہ جڑی بوٹی ماراورکنگی کیخلاف زہروں پربھی سبسڈی دی جارہی ہے۔کاشتکاروں سے کہاجارہاہے کہ فصلوں میں کھادوں کی سفارش کردہ مقدارڈالیں۔انہوں نے کہا کہ کاشتکاروں کوان کی اجناس کازیادہ سے زیادہ معاوضہ دلوانے کیلئے حکمت عملی مرتب کی جارہی ہے۔گندم سمیت ربیع فصلات کی جدید پیداواری ٹیکنالوجی بارے کاشتکاروں کی رہنمائی کیلئے ضلعی سطح پرکسان کنونشن منعقد کئے جارہے ہیں۔زرعی یونیورسٹیوں کے طلباءکوبھی موبلائزکیاہے تاکہ وہ اپنے علاقوں میں جاکرکاشتکاروں کوگندم کی جدید پیداواری ٹیکنالوجی بارے رہنمائی فراہم کریں۔گندم کی فی ایکڑپیداوارمیں اضافہ کے قومی منصوبہ کے تحت امسال گندم کی منظورشدہ اقسام کے 10 لاکھ بیگ سبسڈی پر فراہم کئے جارہے ہیں اورمجموعی طورپر1 کروڑایکڑرقبہ پرگندم کی منظورشدہ اقسام کابیج کاشت کیاجارہاہے۔

☆☆☆☆